تبصرے

معارفِ مدینہ: مرتبہ مولانا طاہر حسن امروہوی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۸ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت چار روپیہ۔ پتہ:- مکتبہ دینیہ دیوبند۔

لائق مرتب نے مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی اُن تمام تقریروں کو مرتب کرکے شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جو آپ جامع ترمذی کے درس میں کرتے تھے۔ مولانا علم و فضل۔ علومِ دینیہ میں کمال بصیرت اور دقتِ نظر کے اعتبار سے جس بلند پایہ شخصیت کے بزرگ ہیں اُس کے پیشِ نظر یہ تقریریں کسی تبصرہ و تعارف کی محتاج نہیں ہیں ان میں احادیث پر متن و اسناد کے اعتبار سے بھی بصیرت افروز گفتگو ہے اور ان احادیث سے جو احکامِ فقہیہ مستنبط ہوتے ہیں اُن پر بھی مع اُن کے دلائل و براہین کے کلام ہے۔ اس بنا پر یہ کتاب مدارسِ عربیہ کے طلبا و اساتذۂ حدیث کیلئے بڑی قابلِ قدر اور لائقِ مطالعہ ہے۔ خدا کرے اس سلسلہ کے باقی حصے بھی جلد شائع ہوں، یہ جلد اوّل ہے جو صرف کتاب الطہارۃ پر مشتمل ہے۔

تعلیمی مسائل؛ منظر و پس منظر۔ از جناب سید الطاف علی صاحب بریلوی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۴۴۸ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر، قیمت مجلد آٹھ روپیہ۔

پتہ:- آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس۔ ناظم آباد۔ کراچی — ۱۸۔

سید الطاف علی صاحب بریلوی اُردو زبان کے مشہور و معروف صاحبِ قلم، مصنف۔ مؤرخ اور محقق ہیں، علاوہ ازیں وہ نظم و نسق کی اعلیٰ صلاحیت و قابلیت کے بھی مالک اور حرکت و عمل کے

پیکر ہیں انھیں اس کی ضرورت نہیں کہ کسی کی بنی بنائی دنیا کو اپنا مسکن بنائیں وہ خود اپنی دنیا بنانا اور دوسروں کو اُس میں بسانا اچھی طرح جانتے ہیں، یُوں تو انھیں دلچسپی سیاست سے بھی ہے لیکن تعلیم کے ساتھ اُن کا شغف و انہماک اس درجہ کا ہے کہ گویا سر سید کی رُوح اُن میں حلول کر گئی ہے۔ جب تک علی گڈھ میں رہے مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے سکریٹری اور " معلّم " کے اڈیٹر کی حیثیت سے وہ کارہائے نمایاں انجام دیے کہ یونیورسٹی کی تعلیمی اور ادبی فضا میں جان سی پڑ گئی۔ پھر ترکِ وطن کر کے کراچی پہونچے تو آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، سر سید گرلز کالج اور اسی نوع کے دسیوں تعلیمی، تحقیقی اور ادبی ادارے قائم کر کے اور انھیں عروج و ترقی کے بام پر پہونچا کر تنہا وہ کام کئے جو اتنی قلیل مدت میں جماعتیں بھی مشکل سے انجام دے سکتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ موصوف ع

" اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے " کی ایک بڑی تابناک اور روشن مثال ہیں، جس سے ہمارے نوجوان بہت کچھ سبق لے سکتے ہیں، اس کتاب میں سید صاحب کے وہ تمام مضامین و مقالات یکجا کر دیے گئے ہیں جو موصوف نے علی گڈھ اور کراچی کے قیام کے زمانہ میں " معلّم " العلم یا دوسرے اخبارات و رسائل میں وقتاً فوقتاً مسلمانوں کے تعلیمی مسائل و معاملات سے متعلق تحریر کئے ہیں چونکہ موصوف کا تعلیمی تجربہ بہت وسیع ہے اس لئے اس کتاب میں موضوعِ بحث اور اُس سے متعلق برِ صغیر کے نامور اشخاص و افراد اور اداروں اور جماعتوں کے بارے میں اس درجہ وسیع اور قیمتی معلومات جمع ہو گئی ہیں جو کسی اور کتاب میں یکجا نہیں مل سکتیں۔ پھر اندازِ بیان ایسا دل نشین اور شگفتہ ہے کہ ع

" وہ کہیں اور سنا کرے کوئی " برِ صغیر میں مسلمانوں کی تعلیم اور اُس کی تاریخ کا کوئی طالبِ علم اس کتاب سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔

فقہ السُّنۃ : از محمد عاصم صاحب تقطیع متوسط۔ ضخامت ۴۰۸ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت مجلد آٹھ روپیہ۔ پتہ :۔ مکتبۂ چراغِ راہ۔ کراچی —۱

یہ کتاب جو ایک بڑے منصوبہ کی جلد اوّل ہے کتاب الطہارۃ اور کتاب الصّلوٰۃ کے زیرِ عنوان وضو اور نماز کے اُن تمام مسائل پر مشتمل ہے جن کا ذکر حدیث و فقہ کی کتابوں میں ہوتا ہے اور ترتیب